nyc ACS

NYC انتظامیہ برائے
خدمات اطفال

# نگاہوں سے دور، نہ کہ ذہن سے دور:

## ان اسیر والدین کے لیے اہم معلومات جن کے بچے رضاعی نگہداشت میں ہیں



**NYC کی انتظامیہ برائے خدمات اطفال**

Bill de Blasio، میئر
David A. Hansell، کمشنر

اسیر والدین کے بچوں کے لیے پروگرام

ACS گرافکس 10/07

## نوٹس

34

## فہرست مشمولات


تعارف ............ 1

**ولدیت کے حقوق اور ذمہ داریاں**

والدین کی حیثیت سے آپ کے حقوق ............ 2

ولدیت کے حقوق کی جانچ فہرست ............ 5

والدین کی حیثیت سے آپ کی ذمہ داریاں ............ 7

والدین کی ذمہ داری کی جانچ فہرست ............ 9

فیملی کورٹ میں قانونی نمائندگی ............ 10

آپ کے وکیل سے پوچھنے لائق سوالات ............ 12

باپ کے لیے اہم معلومات ............ 13

امداد اطفال ............ 16

رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت ............ 17

فیملی کورٹ کے نام خطوط کا نمونہ ............ 23

وسائل ............ 25

**آپ کے نوٹس: ایک ریکارڈ سنبھال کر رکھیں**

میرے کیس کے بارے میں اہم معلومات ............ 26

والدین/بچےکے رابطے کا ریکارڈ ............ 30

# نوٹس



# اعترافات

یہ دستی کتابچہ فی الحال اور ازیں قبل اسیر ماؤوں، باپ، خدمت فراہم کنندگان، اٹارنیز اور ACS کے عملہ سمیت، بہت سارے لوگوں کی آراء کے ساتھ تحریر کیا گیا ہے ان کی تمام تر آراء اور رہنمائی کے لیے ہم حد درجہ مشکور ہیں، نیز جیل میں موجود خواتین کی گرفتار ماؤوں کی کمیٹی سے متعلق پروجیکٹ (Incarcerated Mothers Committee of the Women in Prison Project) کے ممبران اور اسیر والدین کے بچوں کے لیے پروگرام (Children of Incarcerated Parents Program, CHIPP) کے عملہ کے گراں قدر تعاون، جانفشانی اور مسلسل خود سپردگی کے لیے ہم خاص طور پر ان کے شکر گزار ہیں۔

## تعارف:
## آپ کے بچوں کے مستقبل کے لیے منصوبہ بندی

اگر آپ اسیر ہیں اور آپ کا بچہ رضاعی نگہداشت میں ہے تو یہ پمفلٹ آپ کے لیے ہے۔ یہ آپ کو بہبودی اطفال کے نظام، اور رضاعی نگہداشت میں آپ کے بچے کے ضمن میں آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کے بارے میں آپ کو اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔ آپ کا بچہ ہو سکتا ہے آپ کی اسیری سے پہلے سے ہی رضاعی نگہداشت میں ہو یا آپ کی گرفتاری اور اسیری کے نتیجے میں یا آپ کی اسیری کے دوران رضاعی نگہداشت میں داخل ہوا ہو۔ چاہے جو بھی معاملہ ہو، آپ کی صورتحال اب کافی مشکل اور مایوس کن محسوس ہو سکتی ہے۔ ہو سکتا ہے آپ اپنے بچوں کے بارے میں فکرمند ہوں، ان کی یاد آتی ہو یا یہ جاننا چاہتے ہوں کہ آیا اور کس طرح آپ ان مشکل حالات کے تحت اپنے بچے کی پرورش کر سکتے ہیں۔ یوں تو یہ مشکل ہوگا اور پہلے کی طرح نہیں ہوگا – مگر آپ اندر سے ہی پرورش کر سکتے ہیں اور اسی وجہ سے ضروری ہے کہ آپ ایسا کرنے کی پوری کوشش کریں۔

چاہے آپ اسیر ہوں، یہ **بہت ضروری** ہے کہ آپ اپنے بچے کے مستقبل کے لیے فعال انداز میں منصوبہ بنائیں۔ آپ کا بچہ رضاعی نگہداشت میں ہونے پر، فعال انداز میں منصوبہ بندی کا مطلب ہے ACS کے ان کے کیس میں شامل ہونا اور کیس ورکر کے ساتھ رابطے میں رہنا۔ آپ کی رہائی پر اپنے بچے کے ساتھ آپ کے دوبارہ متحدہ ہونے کے لیے (اگر آپ کی سزا زیادہ لمبی نہیں ہے تو)، آپ کو یہ ثابت کرنا ضروری ہے کہ آپ ذمہ دار والدین ہیں، اپنے بچےکی زندگی میں شامل ہیں اور رضاعی نگہداشت میں آپ کے بچے کے رکھوانے کا سبب بننے والے مسائل کا ازالہ کر رہے ہیں۔ یہ سارا کام ایک مخصوص پیمانۂ وقت کے اندر ہونا ضروری ہے۔

یہ پمفلٹ اس کام کو انجام دینے میں آپ کی مدد کے لیے معلومات اور وسائل فراہم کرے گا۔ اس میں آپ کے ولدیت کے حقوق اور ذمہ داریوں کی ایک فہرست، آپ کے پُر کرنے کے لیے دو جانچ فہرستیں، رضاعی نگہداشت میں اکثر مستعمل اصطلاحات کی وضاحت، وسائل کی فہرست، اور آپ کے بچے کے کیس سے متعلق اپ ڈیٹ شدہ معلومات آپ کے ریکارڈ کرنے کے لیے کیس کی معلومات کی ایک شیٹ شامل ہے۔



## نوٹس

## ولدیت کے حقوق اور ذمہ داریاں

رضاعی نگہداشت میں موجود بچے کے والدین کی حیثیت سے، آپ کے مخصوص حقوق اور ذمہ داریاں ہیں۔ آپ کا کیس ورکر آپ کو درپیش بہت سارے سوالوں کا جواب دے سکتا ہے۔ آپ کو فیملی کورٹ کے اپنے وکیل سے بھی بات کرنی چاہیے؛ جتنی جلدی ممکن ہو انہیں یہ بتانے کے لیے کہ آپ کہاں پر ہیں اور آپ کی اسیری کے دوران اپنے کیس کے لیے ایک منصوبہ تیار کرنے کے لیے۔

آپ کو جن خدمات کا حق ہے انہیں موصول کرنے کے لیے اور اپنے کیس ورکر کے سامنے یہ ثابت کرنے کے لیے کہ آپ اپنی ولدیت کی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں، ضروری ہے کہ آپ اپنے کیس ورکر کے ساتھ ایک رشتہ فروغ دیں – وہ آپ کے بچے کی زندگی میں ایک اہم فرد ہوتا/ہوتی ہے اور اگر آپ اور آپ کا کیس ورکر ساتھ مل کر ٹیم کے بطور کام کرتے ہیں تو آپ کے بچے کو بھی اور آپ کو بھی فائدہ ہوگا۔ یہ کام کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا ہے لیکن یہ بہت ضروری ہے۔

### والدین کی حیثیت سے آپ کے حقوق

- آپ کو یہ جاننے کا حق ہے کہ آپ کے بچے کو رضاعی نگہداشت میں کیوں رکھوایا گیا ہے، رضاعی نگہداشت کی کس ایجنسی میں آپ کے بچے کو رکھوایا گیا ہے اور ان کے ساتھ دوبارہ متحدہ ہونے کے لیے آپ کو کیا کرنا ہے۔
- آپ کو ایک فیملی ممبر یا وسیلے کے دیگر فرد کو شناخت کرنے کا حق ہے جس کے ساتھ آپ رضاعی نگہداشت کے متبادل کے بطور اپنے بچے کا رہنا یا جنہیں رضاعی والدین بنانا آپ پسند کریں گے۔ ACS اس اختیار کا پتہ لگائے گی اور آپ کے ساتھ گفتگو کرے گی کہ آیا یہ ممکن ہے۔
- آپ کو یہ جاننے کا حق ہے کہ آپ کا ACS کا کیس ورکر کون ہے، اور اپنے بچے کے بارے میں سوالات یا تشویشات ہونے پر ان سے اور ان کے سپروائزر سے کیسے رابطہ کریں۔ اگر آپ کے بچے کا کیس ورکر تبدیل ہو جاتا ہے تو آپ کو بروقت انداز میں اس تبدیلی سے مطلع کیے جانے کا حق ہے۔



## رابطہ کا ریکارڈ

آئی ڈی نمبر (NYSID) اور کتاب اور کیس نمبر یا DIN): ____________________

فسیلیٹی: ____________________

ایجنسی: ____________________

| شیڈول شدہ ملاقات کی تاریخ | تاریخ جب واقعی ملاقات ہوئی یا ملاقات چھوٹ جانے کی وجہ | خط جس کو بھیجا گیا، تاریخ، پتہ | جواب تاریخ | جواب دینے والے فرد کا نام اور تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

کوشش کردہ رابطہ۔ یہ ریکارڈ رابطہ کرنے اور آپ کے بچے کے لیے منصوبہ بنانے کی آپ کی کوششیں ضبط تحریر کرتا ہے۔

## والدین / بچہ

والدین کا نام:______________________________

بچے (بچوں) کا (کے) نام:______________________________

______________________________

| فون نمبر جس پر کال کی گئی | کال کی تاریخ | فرد/ایجنسی کا نام جس کو کال کی گئی | پیغام چھوڑا گیا |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

یہ بہت ضروری ہے کہ آپ ہر رابطے کا ریکارڈ (فون، خط، رو بہ رو) برقرار رکھیں اور



## والدین کی حیثیت سے آپ کے حقوق

- آپ کو ملتوی (عدالتی) تاریخوں کے بیچ بھی، اپنی رضاعی نگہداشت/ACS کیس پر مشتمل فیملی کورٹ کی کارروائیوں میں اپنی نمائندگی کروانے کے لیے ایک اٹارنی تفویض کیے جانے کا حق ہے۔
- آپ کو رضاعی نگہداشت میں آپ کے بچے کو رکھوانے کا سبب بننے والے مسائل حل کرنے میں اپنی مدد کے لیے دستیاب خدمات موصول کرنے کا حق ہے (مثلاً، پیرنٹنگ کلاسیں، ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق علاج، وغیرہ)۔
- آپ کو اپنے بچے کے دوام کا ہدف اور منصوبۂ خدمت کو جاننے (اصطلاحات کی وضاحت دیکھیں، صفحہ 17)، نیز جن خدمات اور پروگراموں کے ساتھ آپ سے تعاون کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے اور جو اہداف حاصل کرنے کی آپ سے توقع کی جاتی ہے انہیں جاننے کا حق ہے۔ آپ کو اپنی فیملی کی فیملی ٹیم کانفرنس (Family Team Conference, FTC) کی تاریخ کے سسلے میں اس کانفرنس سے 14 دن پیشگی تحریری اطلاع موصول کرنے کا حق ہے۔ ہر 6 مہینے پر ایک SPR ہوتا ہے۔
- آپ کو فیملی ٹیم کانفرنس (Family Team Conference, FTC) میں شرکت کرنے کا حق ہے حالانکہ اسیری کے دوران یہ مشکل ہو سکتا ہے۔ کچھ کیسز میں (اس لحاظ سے کہ آپ کہاں پر اسیر ہیں)، آپ کی فسیلیٹی میں SPR کا اہتمام کرنا ممکن ہے۔ اگر یہ ممکن ہے تو آپ اپنے اصلاحی مشیر اور کیس ورکر کے ذریعے انتظام کردہ فون کانفرنس میں شرکت کر سکتے ہیں۔ جو بھی معاملہ ہو، آپ کو اس منصوبۂ خدمت کی نقل موصول کرنے کا حق ہے جس پر گفتگو ہوئی ہے اور جو کانفرنس میں تیار ہوا ہے۔ یہ میٹنگ سے 10 دنوں کے اندر آپ کو میل ہو جانا چاہیے۔

## والدین کی حیثیت سے آپ کے حقوق

- آپ کو اپنے بچے سے ملاقات کرنے کا حق ہے۔ جب تک عدالت نے بصورت دیگر حکم نہ دیا ہو، آپ کی ایجنسی/ACS پر یہ کوشش کرنا لازم ہے کہ اگر آپ سہ ریاستی علاقہ (NY, NJ, CT) میں اسیر ہیں تو آپ کے لیے کم از ماہانہ ملاقاتوں کی سہولت بہم پہنچائے۔ اگر دوری یا فسیلیٹی کے اصولوں کی وجہ سے ماہانہ ملاقاتیں مشکل ہوں تو آپ کو اپنے بچے کے ساتھ رابطے کی دیگر شکلوں جیسے فون کالز، ٹیلی ملاقاتوں اور خطوط کا حق ہے۔ جب آپ کو قریب میں منتقل کر دیا جائے یا ملاقات کے اصول اس طرح تبدیل ہوجائیں کہ ملاقاتوں کی اجازت مل جائے تو کم از کم ماہانہ ملاقات کی سہولت بہم پہنچائی جانی چاہیے۔ اگر آپ کو مستقل ملاقاتیں موصول نہیں ہو رہی ہیں یا آپ اپنی ملاقاتوں سے مطمئن نہیں ہیں تو آپ کو اپنے کیس ورکر یا ان کے سپروائزر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ آپ ACS کے دفتر وکالت (Office of Advocacy) کی حقوق والدین و اطفال کی ہیلپ لائن ( Parents’ and Children’s Rights Helpline) کو 212-619-1309 پر کلیکٹ کال بھی کر سکتے ہیں۔
- آپ کو فیملی کورٹ کی آئندہ تاریخوں سے مطلع کیے جانے اور ان قانونی کارروائیوں کے لیے پیش کیے جانے کا حق ہے۔ اگر آپ کو آئندہ عدالتی تاریخ کا علم ہے تو آپ کو اپنے وکیل، کیس ورکر اور اصلاحی مشیر سے یہ درخواست کرنے کا حق ہے کہ آپ کو پیش کیا جائے۔ آپ فیملی کورٹ کے جج کو لکھ کر یہ درخواست بھی کر سکتے ہیں کہ آپ کے بچے پر مشتمل تمام عدالتی کارروائیوں میں آپ کو پیش کیا جائے۔ خط کا ایک نمونہ صفحہ 23 پر موجود ہے۔
- آپ کو اپنے بچے کی صحت اور نشوونما، رویہ، اور اسکول میں پیشرفت سے مطلع کیے جانے، بشمول آپ کے بچے کی رپورٹ کارڈ کی نقول آپ کو دیے جانے کا حق ہے۔ آپ کے بچے کو موصول ہونے والی (بیشتر) طبی نگہداشت کے لیے منظوری دینے کا آپ کو حق ہے (الّا یہ کہ آپ کے ولدیت کے حقوق ختم ہو گئے ہوں)۔



## مزید اہم معلومات
## میرے ACS کیس کے بارے میں

**آپ کا ڈسچارج کا منصوبہ:**

رہائش: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

ملازمت: ______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

بچے (بچوں) کے ساتھ ملاقات/اتحاد نو: ______________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

بعد از رہائی پروگرامز: ____________________________________

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

## مزید اہم معلومات
## میرے ACS کیس کے بارے میں

**فیملی کورٹ کی میری معلومات یوں ہیں:**

جج کا نام:________________________________

فیملی کورٹ اور حصہ:____________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

عدالت کی تاریخیں: ____________________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

**منصوبۂ خدمت:**

خدمات جو مجھ سے مکمل کرنا مطلوب ہیں (تمام درج کریں اور جو آپ نے مکمل کی ہے اسے نشان زد کریں): ____________________

________________________________________

________________________________________

________________________________________

رہائی کی متوقع تاریخ: ____________________________



## ☐جانچ فہرست نمبر 1: ولدیت کے میرے حقوق

- ○ میرے بچے کو رضاعی نگہداشت میں ڈالنے کی وجہ مجھے جاننے کا حق ہے۔
- ○ مجھے فیملی یا ان دیگر افراد کو شناخت کرنے کا حق ہے جن کا میں اپنی اسیری کے دوران اپنے بچے کی نگہداشت کرنے کے لیے وسائل کے طور پر ACS سے پتہ لگوانا چاہوں گا۔
- ○ مجھے ایک اٹارنی تفویض کیے جانے کا حق ہے تاکہ میرے رضاعی نگہداشت/ACS کیس پر مشتمل فیملی کورٹ کی قانونی کارروائیوں میں میری نمائندگی کی جائے۔
- ○ مجھے اپنے بچے کے کیس ورکر، اس کے/کی سپروائزر کا نام اور رضاعی نگہداشت کی ایجنسی کا نام اور پتہ جاننے کا حق ہے۔
- ○ مجھے اس بابت باخبر رکھے جانے کا حق ہے کہ میرے بچے کے ساتھ دوبارہ متحد ہونے کے لیے مجھے کون سے اقدامات کرنا ضروری ہیں۔
- ○ مجھے ان اقدامات کو پورا کرنے میں مدد حاصل کرنے کا حق ہے (مثلاً، پیرنٹنگ کی کلاسوں یا منشیات کے علاج پروگرام میں بھیجا جانا، رہائش تلاش کرنے میں اعانت حاصل کرنا)۔
- ○ مجھے اپنے بچے کی خدمت اور دوام کے منصوبے کی تیاری میں شرکت کرنے اور اس منصوبے کی ایک نقل موصول کرنے کا حق ہے۔
- ○ مجھے میری فیملی کے منصوبۂ خدمت کے جائزے (SPR) کی تاریخ سے پیشگی طور پر مطلع کیے جانے، میرے بچے/کیس کے سلسلے میں اس میٹنگ میں شرکت کرنے اور اس میٹنگ سے 10 دنوں کے اندر اس منصوبے کی نقل موصول کرنے کا حق ہے۔
- ○ مجھے اپنے بچے سے ملاقات کرنے (الّا یہ کہ عدالتی حکم ملاقاتوں کو ممنوع قرار دیتا ہو) اور میرے بچے سے ملاقات کا منصوبہ تیار کرنے میں شرکت کرنے کا حق ہے۔ میری اسیری کے دوران، مجھے مہینے میں کم از کم ایک بار اپنے بچے سے ملنے کا حق ہے۔

## جانچ فہرست نمبر 1: ولدیت کے میرے حقوق

- ○ مجھے فیملی کورٹ کی تاریخوں سے مطلع کیے جانے اور ان میں پیش کیے جانے کا حق ہے۔ مجھے ہر عدالتی تاریخ سے پہلے اپنے کیس ورکر اور وکیل سے اس بارے میں بات کرنی چاہیے، اور میں بذات خود بھی جج کو لکھ سکتا ہوں۔ اگر کسی وجہ سے مجھے پیش نہیں کیا جاتا ہے تو مجھے فوراً اپنے وکیل یا کیس ورکر سے رابطہ کرنا چاہیے۔
- ○ اگر میرے بچے کا کیس دوسرے کیس ورکر کو منتقل کر دیا جاتا ہے تو مجھے اس سے مطلع کی جانے اور نئے رابطے کی معلومات فراہم کیے جانے کا حق ہے۔
- ○ مجھے اپنے بچے کی صحت اور نشوونما، مجموعی رویہ اور اسکول میں پیشرفت سے باخبر رکھے جانے اور طبی رپورٹوں اور رپورٹ کارڈز کی نقول موصول کرنےکا حق ہے۔ مجھے میرے بچے کو موصول ہونے والی (بیشتر) طبی نگہداشت کے لیے منظوری دینے کا حق ہے (الّا یہ کہ میرے ولدیت کے حقوق ختم ہو گئے ہوں)۔



## اہم معلومات
## میرے ACS کیس کے بارے میں

میرے بچے (بچوں) کا (کے) رضاعی نگراں ہے (ہیں):

میرے بچے (بچوں) کا قیام ہے بمقام (پتہ):

بچے (بچوں) کے اسکول (اسکولوں) کا نام اور پتہ:

بچے (بچوں) کے قانونی سرپرست (نام، فون نمبر، پتہ):

میرے وکیل کا نام اور نمبر ہیں:

## اہم معلومات
## میرے ACS کیس کے بارے میں

بچے (بچوں) کا (کے) نام اور تاریخ پیدائش:

______________________________________

______________________________________

______________________________________

______________________________________

### میرا بچہ (میرے بچے) ذیل کی نگہداشت میں ہے (ہیں):

ایجنسی کا نام: ______________________________________

پتہ: ______________________________________

______________________________________

______________________________________

کیس ورکر کا نام: ______________________________________

فون نمبر: ______________________________________

سپروائزر کا نام : ______________________________________

فون نمبر: ______________________________________

میرے بچے (بچوں) کا ACS کیس نمبر ہے:

______________________________________

میرے بچے (بچوں) کے ACS کیس کا نام ہے (ماں کا نام):

______________________________________



## والدین کی حیثیت سے آپ کی ذمہ داریاں

### منصوبہ بندی

- ❖ اپنے بچے کی تولیت دوبارہ حاصل کرنے کے لیے، آپ کو یہ ثابت کرنے پر قادر ہونا ضروری ہے کہ آپ ان کی زندگی میں شامل ہیں اور ان کے مستقبل کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اس میں آپ کی اسیری کے دوران آپ کے بچے کے لیے مستقل گھر کا انتظام کرنا، نیز آپ کی رہائی پر ان کے لیے منصوبہ بندی کرنا شامل ہے، خاص طور پر اگر آپ جلدی رہا ہو جائیں گے۔ آپ کی اسیری کے دوران، یہ منصوبہ کسی ایسے رشتہ دار یا دوست کے پاس آپ کے بچے کے رہنے کے لیے ہو سکتا ہے جو ان کی دیکھ بھال پر متفق ہو اور جس کی اسکریننگ ہوئی ہو اور جو ACS سے منظور شدہ ہو یا کچھ دیگر قانونی انتظامات ہو سکتے ہیں۔
- ❖ اگر آپ اپنے بچے کے رہنے کے لیے مستقل جگہ کا انتظام نہیں کر سکتے ہوں تو آپ کے بچے کو ایسے غیر قرابتی رضاعی والدین کے پاس رکھوایا جائے گا جو اسے گود لیے کے خواہاں ہوں، اگر اتحاد نو ممکن نہ ہو۔ آپ کو یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیے کہ رضاعی پلیسمنٹ عارضی ہوتی ہے جو 15 مہینوں سے زیادہ چلنے کے لیے نہیں ہوتی ہے، نیز اس میں کچھ استثناء ہیں؛ اگر آپ اسیر ہو گئے ہیں۔
- ❖ ایجنسی/ACS آپ کے ساتھ کام کرنے کی ذمہ دار ہے اور آپ ایجنسی کے ساتھ کام اور تعاون کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اس میں ان کے ساتھ مواصلت کرنا اور منصوبۂ خدمت پر عمل کرنے پر اتفاق کرنا شامل ہے (اس بارے میں آپ کی رائے ہونی چاہیے کہ منصوبۂ خدمت کیا ہے اور آپ کو اپنی ضروریات اور اختلافات بھی بیان کرنی چاہئیں)۔ اگر آپ ایجنسی کے ساتھ کام کرنے سے منع کرتے ہیں تو ایجنسی عدالت میں جا کر یہ رپورٹ کر سکتی ہے کہ آپ اپنے بچے کے مستقبل کے لیے 'منصوبہ بنانے میں ناکام' ہو گئے ہیں اور نتیجتاً، وہ آپ کے ولدیت کے حقوق ختم کرنے کی گزارش کر سکتے ہیں۔
- ❖ اگر آپ کو لگتا ہے کہ ایجنسی آپ کے ساتھ کام نہیں کر رہی ہے یا یہ کہ وہ آپ کی غلط نمائندگی کر رہے ہیں تو آپ کو اپنے وکیل سے بات کرنی چاہیے یا ACS کے دفتر وکالت کی حقوق والدین و اطفال کی ہیلپ لائن کو 212-619-1309 پر (پیر تا جمعرات، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام) کلیکٹ کال کر سکتے ہیں۔

## والدین کی حیثیت سے آپ کی ذمہ داریاں

### رابطے میں رہنا

- آپ سے اپنے بچے کے رابطے میں رہنے کی توقع کی جاتی ہے۔ یوں تو اسیری کے دوران یہ مشکل ہو سکتا ہے لیکن ہر رابطے اور کوشش کردہ رابطے کے کاغذات کی نقول سنبھال کر رکھنا اور انہیں ضبط تحریر کرنا کافی اہم ہے۔ اس کا مطلب ہے آپ کے ذریعہ اپنے بچے کے کیس ورکر اور اپنے بچے کے نگراں کو کی جانے والی ہر شیڈول شدہ (چاہے وہ نہ ہوئی ہو)؛ ہر فون کال (چاہے آپ نے پیغام چھوڑا ہو یا کسی نے فون کا جواب نہ دیا)؛ اور آپ کے ارسال کردہ ہر خط، سالگرہ کے کارڈ یا دیگر ای میل (چاہے آپ کو جواب ملا ہو) کی ایک فہرست سنبھال کر رکھنا۔ لاگ کا ایک نمونہ صفحہ 30-31 پر شامل ہے۔
- آپ کو موصول ہونے والے ہر اس خط اور دستاویز کو یقینی طور پر سنبھال کر رکھیں جس کا آپ کے ACS کیس سے لینا دینا ہے۔ ان سبھی سے آپ کو اپنے کیس ورکر اور جج کو یہ دکھانے میں مدد ملے گی کہ آپ نے اپنے بچے اور ایجنسی کے رابطے میں رہنے کی کوششیں کی ہیں۔
- یوں تو ایجنسی/ACS سے آپ سے رابطہ اور آپ کے ساتھ کام کرنے کے لیے معقول کوشش کرنے کی توقع کی جاتی ہے مگر آپ اپنے بچے اور کیس ورکر کے ساتھ (ملاقاتوں، خطوط یا فون کالز کے ذریعے) رابطہ قائم رکھنے اور اپنے اتہ پتہ کے بارے میں انہیں مطلع کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کے لیے منصوبہ نہیں بناتے ہیں اور باقاعدہ رابطہ قائم نہیں رکھتے ہیں تو آپ کے ولدیت کے حقوق ختم ہو سکتے ہیں۔ اگر 6 ماہ کی مدت گزر جاتی ہے اور آپ نے اپنے بچے، اپنے کیس ورکر یا رضاعی نگہداشت کی ایجنسی سے رابطہ نہیں کیا ہے تو اسے آپ کے بچے سے ترک تعلق مانا جا سکتا ہے اور آپ کی ایجنسی اسے آپ کے حقوق ولدیت ختم کرنے کے اسباب کے بطور استعمال کر سکتی ہے۔ اسی وجہ سے اپنے بچے اور اپنے کیس ورکر کے ساتھ باقاعدہ رابطہ قائم رکھنا اس قدر اہم ہے۔
- جب بھی آپ کو کسی مختلف فسیلیٹی میں منتقل کیا جائے یا آپ کا پتہ تبدیل ہو جائے آپ اپنے کیس ورکر کو بتانے کے ذمہ دار ہیں۔ مقام کی تبدیلی کے بعد آپ کو جتنی جلدی ممکن ہو انہیں مطلع کر دینا چاہیے – اگر 6 مہینہ گزر جاتا ہے اور آپ کے کیس ورکر کو آپ کا جواب نہیں ملتا ہے تو اسے ترک تعلق اور امکانی طور پر آپ کے ولدیت کے حقوق ختم کرنے کا سبب مانا جا سکتا ہے۔



## ACS کے وسائل

- اگر آپ کو کوئی مسئلہ پیش آ رہا ہے یا آپ کی رضاعی نگہداشت کے کیس کے تعلق سے کوئی سوال ہے تو آپ ACS کی حقوق والدین و اطفال کی ہیلپ لائن کو (212) 619-1309 پر کلیکٹ کال کر سکتے ہیں۔ یہ **ہیلپ لائن پیر تا جمعرات، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام دستیاب ہے۔** کال کرنے سے قبل، آپ کو درج ذیل معلومات تیار رکھنی چاہئیں: آپ کا نام، کیس کا نام (حقیقی ماں کا نام)، آپ کی نیو یارک اسٹیٹ کی آئی ڈی (New York State ID, NYSID)/کیس بکنگ نمبر، فسیلیٹی جہاں سے آپ کال کر رہے ہیں اور آپ کے بچے (بچوں) کا نام اور تاریخ پیدائش۔ آپ ذیل کے پتے پر اس دفتر کو خط بھی لکھ سکتے ہیں:

The Parent's and Children's Rights Unit
Office of Advocacy
Administration for Children's Services
150 William Street, 1st floor
New York, NY 10038

- مزید معلومات کے لیے یا ملاقاتوں کا انتظام کرنے کے لیے براہ کرم ACS کے اسیر والدین کے بچوں کے لیے پروگرام (Children of Incarcerated Parents Program, CHIPP) کو اس پر کال کریں: (212) 341-4883، (212) 341-9669 یا (212) 442-5041

## بیرونی وسائل

| | |
|---|---|
| آفس آف چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ: | (212) 226-7125 |
| فارچون سوسائٹی: | (212) 206-7070 |
| آسبورن ایسوسی ایشن/ فیملی ریسورس سنٹر ہاٹ لائن: | (212) 344-3314 |
| CHIPP ٹول فری لائن: | (212) 341-3322 |
| Rikers Island وزٹس: | (212) 341-4883 |
| اپ اسٹیٹ ملاقاتیں (مائیں): | (212) 442-5041 |
| اپ اسٹیٹ وزٹس (باپ): | (212) 341-9669 |

## منصوبہ بندی

- ❖ مجھے یہ ثابت کرنے کا اہل ہونا ضروری ہے کہ میں اپنے بچے کی زندگی میں شامل ہوں اور اپنے بچے اور ایجنسی سے مواصلت کرنے کی باقاعدہ کوشش کرنا لازمی ہے۔
- ❖ مجھے اپنے بچے کے لیے دوام کے منصوبہ اور میرے کیس کے لیے منصوبۂ خدمت کی تیاری میں شامل ہونا ضروری ہے۔
- ❖ میں ایجنسی کے ساتھ تعاون کرنے کا ذمہ دار ہوں اور ایجنسی میرے بچے کے مستقبل کے لیے منصوبہ بنانے میں میرے ساتھ کام کرنے کی ذمہ دار ہے۔ میرے ساتھ کام کرنا روکنے کے لیے ایجنسی کو عدالت میں جانا ضروری ہے؛ اسے "معقول کوششوں کی معطلی" کہا جاتا ہے۔

## رابطے میں رہنا

- ❖ مجھے اپنے بچے کے کیس ورکر کا نام، فون نمبر اور ای میل پتہ معلوم ہے اور میں بذریعہ فون، خطوط یا ملاقاتوں میں ان سے مواصلت کرنے کی باقاعدہ کوشش کروں گا۔
- ❖ مجھے اس رضاعی نگہداشت کی ایجنسی کا فون نمبر اور پتہ معلوم ہے جس کے ساتھ میرے بچے کو رکھوایا گیا ہے۔
- ❖ مجھے معلوم ہے کہ مجھ سے اپنے اتہ پتہ کے بارے میں اپنے کیس ورکر کو مطلع کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے، بشمول جب مجھے منتقل کیا جائے گا یا میرا پتہ/مقام تبدیل ہوگا۔ مجھے اپنے پتہ سے انہیں باقاعدہ طور پر اور **کم از کم** ہر 6 مہنیے پر مطلع کرنا ضروری ہے۔
- ❖ میں اس بات سے واقف ہوں کہ اگر میں 6 مہنیے کی مدت تک اپنے بچے، کیس ورکر یا رضاعی نگہداشت کی ایجنسی سے رابطہ (بذریعہ ملاقاتیں، خطوط یا فون کالز) رابطہ نہیں رکھتا ہوں تو اسے میری جانب سے ترک تعلق مانا جائے گا اور اسے ولدیت کے میرے حقوق کو ختم کرنے کے لیے اسباب کے بطور استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- ❖ مجھے اپنے بچے کے ساتھ کی گئی تمام مراسلت کی نقول سنبھال کر رکھنا ضروری ہے۔ اگر میں اپنے خطوط کی فوٹو کاپی کروانے سے قاصر ہوں تو مجھے ان تاریخوں کا جب میں نے انہیں بھیجے تھے اور جن کو بھیجے تھے، رابطے کے لاگ میں ریکارڈ رکھنا چاہیے۔ اس لاگ میں کی گئی فون کالز (چاہے جب میں کامیاب نہ ہو پاؤں) کی فہرست اور اپنی ملاقاتوں کے ریکارڈ (بشمول جو شیڈول شدہ ہیں لیکن نہیں ہوتی ہیں) بھی شامل ہونی چاہیے۔



# درخواست کا نمونہ کہ فیملی کورٹ میں پیش نہ کیا جائے

آنریبل **(یہاں جج کا نام درج کریں)**
فیملی کورٹ کے بورو کا پتہ،
NY **(زپ کوڈ)**

حصہ ____________/ڈاکیٹ نمبر

**(تاریخ)**

محترم جج **(نام)**،

یہ خط یہ درخواست کرنے کے لیے ہے کہ بتاریخ______________ آپ، آنریبل جج ____________________ کے سامنے میری حاضری معاف کی جائے۔

میں اپنے بچے (بچوں) کا پوری طرح سے خیال رکھتا ہوں اور میں ان کے مستقبل کا منصوبہ بنا رہا ہوں۔ میں فی الحال ______________ فسیلیٹی میں اسیر ہوں اور پیش نہیں کیے جانے کی درخواست کر رہا ہوں کیونکہ ____________________________
**(مثالیں: میں اپنا پیرنٹنگ پروگرام/CASAT کا منشیات کا معالجہ پروگرام) مکمل کرنے کے قریب ہوں،** اور میں اس پروگرام سے محروم ہو جاؤں گا، اور اگر مجھے اس آئندہ عدالتی تاریخ کے لیے پیش کیا جاتا ہے تو میرا وقت بڑھ جائے گا۔ یہ پروگرام میرے بچے (بچوں) کے ساتھ اتحاد نو کے لیے ہدف کے بطور مطلوب ہے۔

میرے منصوبۂ خدمت کی تکمیل کے مفاد میں اور جتنی جلدی ہو سکے میرے بچے (بچوں) کے پاس آنے کے لیے، میں پیش نہیں کیے جانے کی درخواست کر رہا ہوں۔ میں نے اس فیصلے پر اپنے اٹارنی اور کیس ورکر سے گفتگو کر لی ہے۔

**(پروگرام کی جو کوئی معلومات، تکمیل کی اسناد، مشیر یا پروگرام کے سہولت رساں کی جانب سے خطوط آپ کے پاس ہوں ان کی نقول منسلک کریں)۔**

مخلص،

**آپ کا نام**
**آپ کی فسیلیٹی، آئی ڈی نمبر پتہ**

## اپنے وکیل سے بات کرنے کے بارے میں جاننے لائق اہم چیزیں

- ❖ آپ کا وکیل ایک وسیلہ اور آپ کا حمایتی ہوتا ہے۔ یوں تو ان سے رابطہ قائم کرنا ہمیشہ آسان نہیں ہوتا ہے مگر آپ اپنے سوالات اور تشویشات کے ساتھ انہیں خط بھی لکھ سکتے ہیں۔
- ❖ اپنے وکیل سے پہلی بار آپ کی ملاقات ہونے پر، ان کا نام، فون نمبر اور رابطے کی معلومات لے لیں اور اسے ایک محفوظ جگہ پر رکھیں۔ آپ اس دستی کتابچہ کے صفحہ 26 پر، اہم معلومات والے سیکشن میں لکھ بھی سکتے ہیں۔
- ❖ آپ کا وکیل آپ کے کیس، آپ کے بچے اور آپ کی رضاعی نگہداشت کے کیس ورکر کے بارے میں معلومات حاصل کرنے میں اکثر آپ کی مدد کر سکتا ہے۔
- ❖ اپنے کیس ورکر اور اپنے وکیل دونوں سے رابطہ قائم رکھنا ضروری ہے۔ آپ کا وکیل آپ کے لیے ACS کے وکیل کو کال کر سکتا اورمعلومات حاصل کر سکتا ہے نیز آپ کی تشویشات انہیں پہنچا سکتا ہے۔
- ❖ اپنی عدالتی تاریخ سے پہلے اپنے وکیل سے بات کرنے کا انتظام کرنے کی کوشش کریں، چاہے یہ مشکل ہو۔
- ❖ اپنی ہر عدالتی تاریخ پر اور آپ کے وکیل کے ساتھ جو بھی میٹنگ ہو اس میں اپنی تمام دستاویزات، بشمول طبی ریکارڈز، عدالتی کاغذات، تکمیل کی اسناد، اور مشیر کی سفارشات اپنے ساتھ لائیں۔ اگر آپ اسے بذات خود نہیں لا سکتے اس وجہ سے کہ آپ اسیر ہیں تو اسے اپنے وکیل کو بذریعہ ڈاک بھیجیں۔ آپ کو یہ فرض نہیں کرنا چاہیے کہ آپ کے وکیل کے پاس آپ کا کوئی کاغذی کام موجود ہے۔





آنریبل **(یہاں جج کا نام درج کریں)**
فیملی کورٹ کے بورو کا پتہ،
NY **(زپ کوڈ)**

حصہ ___________/ڈاکیٹ نمبر

**(تاریخ)**

محترم جج **(نام)**،

میرا نام **(یہاں اپنا نام درج کریں)** **(تاریخ پیدائش، NYSID, DOC/DOCS نمبر)** ہے۔ میں فی الحال **(فسیلیٹی کا نام)** میں اسیر ہوں۔ میں آپ کو اس وجہ سے لکھ رہا ہوں کہ میں اپنے بچے (بچوں) سے متعلق کسی بھی اور تمام قانونی کارروائیوں میں فیملی کورٹ میں پیش ہونا چاہتا ہوں۔ میری سمجھ یہ ہے کہ پیشی کا آرڈر میری اسٹیٹ فسیلیٹی میں انمیٹ ریکارڈز آفس (Inmate Records Office) کو اور/یا Rikers Island کے چیف کلرک کو بھیجا جائے۔

فی الحال، آپ کے سامنے میرے بچے (بچوں) **(اگر معلوم ہو تو نام، تاریخ پیدائش اور ڈاکیٹ نمبر درج کریں)** سے متعلق رضاعی نگہداشت کا ایک کیس ہے۔ میں آپ کی عدالت میں پیش ہونا اور میرے بچے (بچوں) سے متعلق فیصلوں میں شامل ہونا چاہتا ہوں۔

آپ کی اعانت کا شکریہ۔ مخلص،

آپ کا نام
آپ کی فسیلیٹی، آئی ڈی نمبر
پتہ

# اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

❖ **رضاکارانہ خود سپردگی:** رضاعی نگہداشت اور تبنیت کے سیاق و سباق میں، یہ ایک اصطلاح ہے جو کسی بچے کے حقیقی والدین کی جانب سے ولدیت کے حقوق سے رضاکارانہ (منتخب کردہ) – بر خلاف غیر رضاکارانہ (عدالت کے حکم سے) – خود سپردگی (دست کشی) مراد لینے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔ یہ اپنے ولدیت کے حقوق کو ختم کیے بغیر بچے کے لیے ایک مستقل، تبنیتی انتظام حاصل کرنے کا طریقہ ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو اپنے بچے کی قانونی ولدیت کے حقوق مزید نہیں ہوں گے۔ جب والدین باقاعدہ تحریری سبکدوشی یا تبنیت کی منظوری والی دستاویز پر دستخط کر دیتے ہیں، جو عام طور گواہ اور/یا نوٹری پبلک کے سامنے ہوتا ہے، تب بچہ قانونی طور پر تبنیت کے لیے "آزاد" ہوتا ہے۔

❖ **مشروط خود سپردگی:** نیو یارک میں، قانون حقیقی والدین کو حسب مذکورہ بالا رضاکارانہ خود سپردگی کرنے کی لیکن اس خود سپردگی میں مخصوص شرائط کی وضاحت کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ جو والدین خود سپردگی کر رہے ہیں یا بچے کے تعلق سے اپنے ولدیت کے حقوق سے دستکش ہو رہے ہوتے ہیں وہ اس میں مخصوص استثناء بیان کرتے ہیں جو تحریری خود سپردگی والی دستاویز میں شامل ہوتے ہیں۔ مثلاً، والدین یہ بیان کر سکتے ہیں کہ خود سپردگی کی ایک شرط یہ ہےکہ بعد از تبنیت بچے سے ملاقات کا ان کا حق برقرار رکھنا ہے۔ تاہم، اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہے کہ خود سپردگی میں مذکور شرط (چاہے عدالت کے ذریعے) لاگو کی جا سکتی ہے۔ مشروط خود سپردگی کا اطلاق صرف رضاعی نگہداشت میں موجود بچے پر ہوتا ہے۔



# فیملی کورٹ میں آپ کی قانونی ذمہ داریاں

❖ اپنے وکیل کو یہ علم ہونے کو یقینی بنائیں کہ ہر عدالتی تاریخ کے لیے جج کو آپ کی فسیلیٹی کے نام ایک "پیشی کا حکم" جاری کرنا ہوگا تاکہ آپ کو آپ کی عدالتی تاریخوں میں لایا جائے۔ آپ کے وکیل کو ہر عدالتی تاریخ میں جج سے اس کی گزارش کرنی ہوتی ہے۔ اپنے وکیل کو یہ علم ہونے کو یقینی بنائیں کہ آپ ہر عدالتی تاریخ میں پیش ہونا چاہتے ہیں۔ آپ خود بھی عدالت کے نام لکھ سکتے ہیں؛ خط کا ایک نمونہ صفحہ 23 پر شامل کیا گیا ہے۔

❖ اگر آپ عدالت میں اس وجہ سے پیش ہونا نہیں چاہتے ہیں کہ آپ اپنے پروگرام (مثال کے طور پر) سے محروم ہو جائیں گے تو آپ کو پہلے اپنے وکیل سے اس پر گفتگو کر لینی چاہیے۔ اگر اس امر پر اتفاق ہو جاتا ہے کہ پیش نہیں ہونا آپ کے لیے بہترین ہے تو اس کی درخواست کرنے کے لیے بھی خط کا ایک نمونہ صفحہ 24 پر موجود ہے۔

❖ اگر آپ عدالت میں پیش نہیں ہونے کا انتخاب کرتے ہیں تو عدالت آپ کے بغیر آگے کارروائی کر سکتی ہے۔ آپ اپنے وکیل کو اپنی نمائندگی کرنے کی اجازت دے سکتے ہیں چاہے آپ وہاں موجود نہ ہوں۔ آپ نے پیش نہیں ہونے کا انتخاب کیوں کیا ہے اس کی وضاحت کرنا بہت ضروری ہے تاکہ عدالت یہ نہ سوچے کہ آپ کو اپنے بچے کے لیے منصوبہ بنانے اور اس سے متعلق فیصلے لینے میں دلچسپی نہیں ہے۔

❖ اپنے وکیل کو اپنی رہائی کی تاریخ سے باخبر اور اپ ٹو ڈیٹ رکھیں۔

❖ اگر آپ کی آئندہ رہائی کی تاریخ ہے تو اپنے وکیل سے دریافت کریں کہ آیا وہ آپ کی کمیونٹی میں والدین اور بچے کے کسی پروگرام میں جانے میں آپ کی مدد کر سکتے/سکتی ہیں، نیز دیگر درکار خدمات جیسے ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق علاج، رہائش، ملازمت، وغیرہ کے لیے آپ کو حوالہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

❖ رضاعی نگہداشت کی ایجنسی اور اپنے بچے کےساتھ تمام رابطوں کا لاگ رکھیں اور ایک نقل اپنے وکیل کو دیں۔ لاگ کا ایک نمونہ اس گائیڈ کے آخر میں شامل کیا گیا ہے۔

❖ اگر آپ کو معلوم ہے کہ آپ لمبے وقت تک اسیر رہیں گے اور آپ کے بچےکی دیکھ بھال کرنے والے فرد پر آپ کو اطمینان ہے تو آپ اپنے وکیل کے ساتھ رضاکارانہ یا مشروط خود سپردگی پر گفتگو کر سکتے ہیں۔ ان کی صراحت صفحہ 22 پر کی گئی ہے۔

# آپ کے وکیل سے پوچھنے لائق اہم سوالات

## اپنے وکیل سے پوچھیں:

- اپنے کیس کے بارے میں معلومات (اگر یہ آپ کے کیس ورکر کی جانب سے پہلے سے آپ کے پاس نہیں ہے)، جیسے رضاعی نگہداشت کی ایجنسی، کیس ورکر اور سپروائزر کا نام، فون نمبر اور پتہ؛
- بہبودی اطفال ایجنسی کے ذریعے اور آپ کے وکیل کے ذریعے دائر کردہ تمام عدالتی دستاویزات کی نقول؛
- آپ کے کیس کی سماعت کرنے والے فیملی کورٹ کے جج کا نام؛
- اپنے کیس کا ڈاکیٹ نمبر؛
- آپ کے بچے اور آپ کے کیس کے تعلق سے آپ کے وکیل کے پاس جو کوئی اضافی کاغذی کام ہے اس کی نقل۔

## اپنے وکیل سے کہیں کہ:

- آپ کی تمام عدالتی تاریخوں سے آپ کو باخبر رکھیں؛
- جو کوئی قانونی اصطلاحات آپ کو سمجھ میں نہیں آتی ہیں ان کی وضاحت کریں؛
- رضاعی نگہداشت اور فیملی کورٹ کی کارروائیوں، بشمول ASFA کے پیمانۂ وقت کی وضاحت کریں؛
- اس امر کی وضاحت کریں کہ آپ کے بچے کا "دوام کا ہدف" کیا ہے، یہ کیسے اور کب تبدیل ہو سکتا ہے اور اس پر اثر ڈالنے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں۔

## کارروائیاں جو آپ کا وکیل آپ کی جانب سے کر سکتا ہے:

- اگر آپ کو رضاعی نگہداشت کے کارکن سے رابطہ کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے تو اپنے وکیل سے مدد طلب کریں۔
- اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہیں ہے کہ اپنے بچے (بچوں) کے ساتھ دوبارہ متحد ہونے کے لیے آپ کو کیا کرنا ہے تو اپنے وکیل سے گزارش کریں کہ ACS کے وکیل، کیس ورکر یا سپروائزر سے معلوم کریں۔
- اگر آپ عدالتی تاریخ کے لیے حاضر نہیں تھے تو اپنے وکیل سے کہیں کہ جو کچھ ہوا اس کی وضاحت کرتے ہوئے آپ کو ایک خط لکھیں۔
- اگر ایجنسی آپ کے بچے کو ماہانہ ملاقاتوں کے لیے نہیں لاتی ہے تو اپنے وکیل سے کہیں کہ وہ ACS کے وکیل یا کیس ورکر کے ساتھ اس کو حل کریں۔
- اگر عدالت یا ایجنسی کے ذریعہ مطلوب ملاقاتیں یا دیگر خدمات آپ کو موصول نہیں ہو رہی ہیں تو اپنی جانب سے اپنے وکیل سے مداخلت کرنے کو کہیں۔



# اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

- **TPR**: ولدیت کے حقوق کا اختتام (Termination of parental rights, TPR) وہ قانونی کارروائی ہے جو آپ اور آپ کے بچے کے بیچ قانونی ربط کو ختم کر دیتی ہے۔ والدین کی حیثیت سے آپ کے حقوق ختم ہو جانے پر، آپ کو اپنے بچے سے ملنے یا رابطہ کرنے کا قانونی حق نہیں ہوتا ہے۔ یہ ایک سنجیدہ اور حتمی فیصلہ ہوتا ہے جو شاذ و نادر ہی تبدیل ہوتا ہے۔ آپ کے حقوق کیوں ختم کیے جا سکتے ہیں اس کی دو اصل وجوہات ہیں: ترک تعلق اور مستقل بے توجہی (براہ کرم ذیل میں دیکھیں)۔ اسیر ہونے کا خود بخود یہ مطلب نہیں ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے بچے سے "ترک تعلق" کیا ہے یا "مستقل نظر انداز" کیا ہے اور اسے TPR کی کلی وجہ کے بطور استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم، عین اسی وقت، آپ کے اسیر ہونے کے باوجود بھی آپ کو اپنے بچے کے مستقبل کے لیے فعال طور پر منصوبہ بنانا ہوتا ہے۔

- **ترک تعلق:** یہ TPR کے اسباب میں سے ایک ہے۔ اسیر والدین کی حیثیت سے، جب آپ 6 ماہ کی مدت تک اپنے بچے یا اپنے کیس ورکر یا رضاعی نگہداشت کی ایجنسی سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہیں کرتے ہیں تو یہ مانا جاتا ہے کہ آپ نے اپنے بچے سے ترک تعلق کر لیا ہے۔ اسی وجہ سے بہت ضروری ہے کہ آپ اپنے بچے سے رابطہ کرنے، ملنے، بات کرنے یا اس کے بارے میں پوچھ تاچھ کرنے کی اپنی تمام کوششوں (بشول ملاقاتوں، فون کالز، خطوط، وغیرہ) کو ضبط تحریر کریں۔ وقتاً فوقتاً بعض روابط کافی نہیں ہیں۔

- **مستقل بے توجہی:** یہ بھی TPR کا سبب ہے۔ اسیر والدین کی حیثیت سے، جب آپ کم از کم 12 مہینوں تک رضاعی نگہداشت میں نہیں گئے ہوں تو یہ مانا جاتا ہے کہ آپ نے اپنے بچے کو مستقل طور پر نظر انداز کر دیا ہے؛ ایجنسی نے "دور اندیشانہ کوششیں" (آپ اور آپ کے بچے کے بیچ ایک بامعنی رشتے میں اعانت کرنے، اسے فروغ دینے اور اس کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے حقیقی اور ہم آہنگ کوششیں) کی ہیں، یا جج سے ایک آرڈر حاصل کر لیا ہے کہ ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ اور آپ یا تو اپنے بچے اور ایجنسی کے ساتھ باقاعدہ رابطہ قائم رکھنے میں ناکام ہو گئے ہیں یا اپنے بچے کے مستقبل کے لیے منصوبہ بنانے میں ناکام ہو گئے ہیں۔

## باپ کے لیے اہم معلومات

اگر آپ کا بچہ رضاعی نگہداشت میں ہے یا آپ کا خیال ہے کہ وہ رضاعی نگہداشت میں ہو سکتے ہیں تو آپ کو فوری طور پر اپنے بچے کی رضاعی نگہداشت کی ایجنسی سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو ایجنسی کا نام معلوم نہیں ہے تو آپ ACS کے دفتر وکالت کی ہیلپ لائن کو (212) 619-1309 پر کلیکٹ کال یا مستقل ہیلپ لائن، (212) 676-9421 (پیر تا جمعرات، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام) کال کر سکتے ہیں۔

اسے کتابچے میں مندرج ولدیت کے حقوق بروئے کار لانے کے لیے، آپ کو ولدیت متعین کرنی ہوگی (یہ ثابت کرنا ہوگا کہ آپ قانونی باپ ہیں)۔

### اہم حقائق جو آپ کو جاننی چاہئیں:

- اگر آپ کی شادی اس ماں سے ہوئی تھی یا ہوئی ہے تو آپ کو خود بخود ان تمام بچوں کا باپ مانا جاتا ہے جو اس ازدواج کے دوران اس ماں کے حمل میں تھے یا اس کے یہاں پیدا ہوئے تھے اور آپ کو ولدیت متعین کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔
- جس وقت بچہ حمل میں تھا یا پیدا ہوا تھا اس وقت اگر آپ کے بچے کی ماں سے آپ کی شادی نہیں ہوئی تھی تو آپ کو بچے کا قانونی باپ نہیں مانا جاتا ہے اور آپ کو ولدیت (کہ آپ بچے کے باپ ہیں) ثابت کرنی ہوگی۔ ولدیت کئی طریقوں سے ثابت کی جا سکتی ہے اور اس کے نتیجے میں آپ کو عدالتی آرڈر موصول ہوگا جو بتائے گا کہ آپ بچے کے قانونی باپ ہیں۔
- بچے کی سند ولادت پر آپ کے نام کی موجودگی خود بخود آپ کو بچے کا قانونی باپ نہیں بنا دیتی ہے۔ مثلاً، یہ آپ کو اپنے بچے کی تبنیت سے اختلاف کرنے کا حق نہیں دیتی ہے۔ اگر آپ نے باقاعدہ طور پر سند ولادت پر نام ڈلوانے کی منظوری دے دی تو آپ کو مخصوص قانونی کارروائیوں سے مطلع کیے جانے کا حق ہے۔
- چاہے آپ اپنے بچے کی ماں کے ساتھ بہت سالوں تک رہے ہیں اور یہ مانتے ہیں کہ آپ کامن لاء والے شوہر ہیں تو بھی یہ آپ کو بچے کا قانونی باپ نہیں بناتا ہے۔



## اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

- **اتحاد نو:** وہ کارروائی جس کے ذریعے آپ اور آپ کا بچہ (بچے) دوبارہ ایک ساتھ ہوتے ہیں اور اپنی فیملی دوبارہ بناتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کے دوام کا منصوبہ "والدین کے پاس واپسی" ہے جو "اتحاد نو" کے ہدف کے بطور بھی معروف ہے تو آپ کو اس بارے میں اپنے کیس ورکر سے بات کرنی چاہیے کہ اپنے بچے کو اپنے پاس واپس کروانے کے لیے آپ کو کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ یوں تو جب تک آپ کی رہائی نہ ہوجائے تب تک آپ کا بچہ آپ کے پاس واپس نہیں آ سکتا ہے، مگر ایسی خدمات موجود ہیں جو آپ اتحاد نو کی کارروائی میں اعانت کے لیے اسیری کے دوران شروع کر سکتے ہیں، جس میں باقاعدہ ملاقاتیں شامل ہیں۔ آپ کی رہائی کی تاریخ قریب آنے پر، آپ کے کیس ورکر کو خدمت کی کیس باقیماندہ ضرورت، رہنے کے انتظامات اور آپ کے بچے کے ساتھ دوبارہ متحدہ ہونے کے لیے باقیماندہ اقدامات کے بارے میں آپ سے بات کرنی چاہیے۔

- **معقول/دور اندیشانہ کوششیں:** رضاعی نگہداشت کی ایجنسی/ ACS سے آپ اور آپ کے بچوں کے بیچ ایک بامعنی رشتے میں اعانت کرنے، اسے فروغ دینے اور اس کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے حقیقی اور ہم آہنگ کوششیں کرنے کا، نیز آپ کے بچے (بچوں) کو آپ کے پاس گھر جانے کے لیے مطلوب خدمات تک رسائی حاصل اور انہیں مکمل کرنے میں آپ کی اعانت کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

- **پیش کرنے کا آرڈر:** یہ فیملی کورٹ سے جاری ہونے والی ایک دستاویز ہوتی ہے جو بتاتی ہے کہ آپ جس اصلاحی فسیلیٹی میں ہیں اس پر آپ کی شیڈول شدہ تاریخ کے مدنظر آپ کو فیملی کورٹ میں لانا لازم ہے۔ اگر آپ کو کسی آئندہ عدالتی تاریخ کا علم ہے تو آپ ایک آرڈر جاری ہونے کو یقینی بنانا چاہیں گے۔ آپ اپنے وکیل، کیس ورکر یا اصلاحی مشیر سے رابطہ کرکے یہ کام کر سکتے ہیں۔ یوں تو عدالت کے لیے پیش کیا جانا ایک زحمت جیسا محسوس ہو سکتا ہے، مگر بہت ضروری ہے کہ جب آپ کے بچے کی زندگیوں کے بارے میں فیصلوں پر گفتگو ہو اور فیصلے کیے جائیں تو آپ عدالت میں حاضر ہوں۔

## باپ کے لیے اہم معلومات

### ولدیت ثابت کرنا

اگر آپ کا بچہ رضاعی نگہداشت میں ہے تو باپ کی حیثیت سے اپنے حقوق متعین کرنے کی کوشش کرنے کے تحت آپ کو سب سے پہلا کام یہ کرنا چاہیے کہ کیس ورکر کو اطلاع دیں کہ آپ باپ ہیں اور کیس ورکر کو تفتیش کرنے کا موقع دیں۔ اپنے بچے کی زندگی میں اپنی گزشتہ شمولیت کی بابت کیس ورکر کو مطلع کریں، جیسے کہ آیا آپ بچے کی زندگی کے شروعاتی 6 مہینوں تک بچے کے ساتھ یا بچے کی ماں کے ساتھ رہے ہیں یا نہیں؛ یا بچے کے لیے امداد میں تعاون کیا ہے؛ یا بچے کے لیے قبل از ولادت نگہداشت کے ضمن میں تعاون کیا ہے، یا اپنے بچے کی زندگی میں بصورت دیگر شامل رہے ہیں۔ کیس ورکر کو ایک منصوبۂ خدمت تیار کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنا چاہیے اور جتنی جلدی ممکن ہو آپ کو اس میں تعاون شروع کر دینا چاہیے۔

### ولدیت ثابت کرنے کے لیے آپ جو اقدامات کر سکتے ہیں ان میں شامل ہیں:

- ولدیت کا اعتراف نامہ (مقررہ فارم پر ایک حلفیہ بیان) پیوٹیٹو فادر رجسٹری (Putative Father Registry) کے پاس دائر کریں۔ براہ کرم نوٹ کریں: یہ اعتراف نامہ آپ کو بچے کا قانونی باپ نہیں بناتا ہے، ویسے یہ آپ کو مخصوص قانونی کارروائیوں سے مطلع کیے جانے کا حق دیتا ہے۔
- بچہ یا بچے کی ماں دونوں میں سے کوئی بھی جس کاؤنٹی میں رہتے ہیں وہاں کے فیملی کورٹ میں فرزندانہ تعلق (ولدیت) کے آرڈر کے لیے عرضی دائر کریں۔
- اپنی عرضی کی ایک نقل ماں کو پیش کروائیں۔ 18 سال سے زائد عمر کے کسی فرد سے بچے کی ماں کو عرضی کی نقل ڈیلیور کروا کر یہ کام کیا جاتا ہے۔ اس سے فیملی کورٹ میں ولدیت کی قانونی کارروائیوں سے ماں کو اطلاع مل جائے گی تاکہ وہ حاضر ہو سکے۔



## اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

آپ، اس کے سگے بھائی بہنوں سے (اگر ایک ہی گھر میں نہیں رکھوایا گیا ہو تو) رابطہ قائم رکھنے کے لیے ان کے لیے ملاقات کے منصوبے، اور جن کےساتھ ان کی قربت ہے، نیز ان کے بہبود اور مستقبل کے تعلق سے دیگر مسائل پر گفتگو کی جائے گی۔ آپ کو دونوں کانفرنسوں میں شرکت کرنے کا حق ہے – اگر آپ کو Rikers Island میں اسیر کیا گیا ہے تو آپ بذات خود شرکت کر سکتے ہیں؛ اگر آپ اپ اسٹیٹ ہیں تو آپ فون کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ بہر صورت، آپ کو یہ جاننے کا حق ہے کہ ان کانفرنسوں میں کیا ہوتا ہے۔

- **منصوبۂ خدمت اور منصوبۂ خدمت کا جائزہ (Service Plan Review, SPR):** منصوبۂ خدمت بتاتا ہے کہ آپ کے بچے (بچوں) کو اپنی بہبود اور صحت مند نشوونما کے لیے کون سی خدمات درکار ہیں، اور فیملی کے بطور دوبارہ متحد ہونے کے لیے آپ کو کون سی خدمات درکار ہیں۔ منصوبۂ خدمت میں شامل ہے درج ذیل فہرست: خدمات؛ لازمی حوالے کون تیار کرے گا؛ مقررہ وقت جس میں اسے ہونا چاہیے؛ اور ہدف جو اسے حاصل کرنا ہے۔ مثلا: منصوبۂ خدمت میں منشیات کا علاج پروگرام آپ کا مکمل کرنا؛ آپ اور آپ کے بچے کے بیچ باقاعدہ اور اکثر ملاقاتیں؛ آپ کے بچے کو تھراپی موصول ہونا؛ اور آپ کی رہائی ہونے پر اتحاد نو اور آپ کا رہائش حاصل کرنا شامل ہو سکتے ہیں۔ منصوبۂ خدمت کا جائزہ سال میں دو بار (ہر 6 مہینے پر) فیملی ٹیم کانفرنس (Family Team Conference, FTC) میں لیا جاتا ہے۔ آپ کو (2 ہفتے پہلے) مطلع کیے جانے اور اس میٹنگ میں حاضر ہونے (یا آپ کی اسیری کے دوران ٹیلیفون کانفرنس کے ذریعہ شرکت کرنے) کا اور آپ کے بچے (بچوں) کی بابت فیصلوں میں شرکت کرنے کا حق ہے۔ آپ کو اس جائزہ سے 10 دنوں کے اندر اپنی فیملی کے منصوبۂ خدمت کی ایک نقل موصول کرنے کا حق ہے۔

## اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

- **کیس ورکر:** یہی فرد آپ کی فیملی کے رضاعی نگہداشت کے کیس کا انچارج ہے۔ وہ یا تو براہ راست ACS کے لیے یا ACS کے لیے کام کرنے والی ایجنسی کے لیے کام کرتا/کرتی ہے۔ بہت سارے واقعات میں، آپ کی فیملی کو ایک سے زائد کیس ورکرز تفویض کیے گئے ہو سکتے ہیں۔

- **قریبی رشتہ دار کی نگہداشت:** یہ تب ہوتا ہے جب ACS بچے کو ایسے رشتہ دار کے پاس رکھواتی ہے جو رضاعی نگہداشت کے بطور لائسنس یافتہ ہوتا ہے۔ چاہے آپ کا بچہ آپ کے رشتہ دار کے پاس ہو مگر یہ رضاعی نگہداشت والی پلیسمنٹ ہوتی ہے۔ KinGap ان رشتہ داروں کے پاس رضاعی بچوں کی پلیسمنٹس میں تعاون کرنے کے لیے بنائی گئی ہے جن سے ان کا رشتہ خون، ازدواج، تبنیتی یا فرضی ہوتا ہے(خون کا رشتہ نہیں ہوتا ہے)۔ قرابت KinGap ریسورسز بھی ہو سکتی ہے۔

- **دوام کا منصوبہ یہ دوام کا ہدف:** رضاعی نگہداشت میں موجود ہر بچہ ایک دوام کا منصوبہ اور دوام کا ہدف رکھتا ہے۔ دوام کا منصوبہ یہ ضمانت دینے کا منصوبہ ہوتا ہے کہ جتنی جلدی ممکن ہو آپ کے بچے کے پاس ایک مستحکم، مستقل اور محفوظ گھر ہے۔ دوام کا ہدف وہی ہے جسے حاصل کرنے کے لیے وہ منصوبہ کام کر رہا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، یہ بتاتا ہے کہ مستقبل قریب میں آپ کے لیے کیا معاملہ پیش آنے کا قیاس ہے۔ مثلاً، ایک بچے کا ہدف گھر واپسی، کسی رشتہ دار کے پاس رکھوانا، گود لیا جانا، یا تب تک رضاعی نگہداشت میں رہنا ہو سکتا ہے جب تک وہ ایک بالغ فرد کے بطور زندگی نہ گزار سکے۔

- **فیملی ٹیم کانفرنس:** اگر آپ کے بچے کو آپ کے گھر سے (یا دوسرے نگراں کے گھر سے) نکال دیا جاتا ہے تو ACS ایک **72 گھنٹے کی بچے کی حفاظتی کانفرنس** کا اہتمام کرے گی جہاں آپ کے بچے کی زندگی میں شامل افراد اور ACS ایک ساتھ جمع ہو کر فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کے لیے کیا چیز بہترین ہے۔ قریب ایک ماہ بعد ایک **30 روزہ فیملی ٹیم کانفرنس** پہلی کانفرنس کے بعد سے جو کچھ ہوا ہے اس کا جائزہ لینے اور آپ کے بچے کے لیے منصوبہ بنانا جاری رکھنے کے لیے ہوگی۔ ان کانفرنسوں میں آپ کے بچے کو اس کے گھر سے نکالے جانے کی وجوہات، آپ کے بچے کے رہنے کے انتظامات



## باپ کے لیے اہم معلومات

### ولدیت قائم کرنا (جاری):

- اگر ماں کوپیش کرنے کے لیے معقول اور متعدد کوششیں کی گئی ہیں اور کوشش کردہ خدمت کے نام حلف ناموں کے ساتھ انہیں ضبط تحریر کیا گیا ہے تو عدالت "متبادل ذرائع سے خدمت" کی اجازت دے سکتی ہے، جس میں اس کے آخری معلوم پتے پر خط بھیجنا، مقامی اخبار میں اشتہار دینا؛ یا مقامی ڈاک خانے میں ایک قانونی نوٹس آویزاں کرنا شامل ہو سکتا ہے۔

- اگر عدالت کی تاریخ پر ماں متفق ہو جاتی ہے کہ آپ بچے کے باپ ہیں تو جج کو پتہ چل سکتا ہے کہ ولدیت ثابت ہو گئی ہے۔ اگر ماں اس بات سے اختلاف کرتی ہے کہ آپ بچے کے باپ ہیں تو ولدیت ثابت کرنے کے لیے جج DNA جانچ کا آرڈر دے سکتے ہیں جس کے لیے آپ سے ادائیگی کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔

- ولدیت ثابت ہو جانے پر، آپ کو اپنے بچے سے ملاقاتوں کی درخواست کرنے اور دوام کی منصوبہ سازی کی کارروائی میں شامل کیے جانے کا حق ہوتا ہے (الّا یہ کہ عدالت اس کے برخلاف آرڈر کرے)۔ اگر ولدیت ثابت نہیں ہوتی ہے تو آپ کو ملاقاتوں کے قانونی حقوق نہیں ہیں یا اپنے بچے کے لیے دوام کے منصوبے کے بارے میں آپ کو کچھ نہیں بولنا ہے۔ تاہم، آپ اب بھی اپنے بچے پر مشتمل عدالتی کارروائیوں کے بارے میں مطلع کیے جانے؛ اپنے وکیل سے ان عوامل کی فہرست کے بارے میں پوچھنے کا حق ہے جو باپ کو "نوٹس والا باپ" بناتے ہیں۔

- ولدیت کا اعتراف آپ کو لازمی طور پر تبنیت کی کارروای کو روکنے کا حق نہیں دیتا ہے۔ وہ کام کرنے کے لیے، لازمی ہے کہ آپ کے پاس اپنے بچے کے ساتھ "ٹھوس اور مکرر رابطہ" رہا ہو جس کو معقول امداد اطفال کی ادائیگی سے اور یا تو اپنے بچے کے ساتھ ماہانہ ملاقاتوں یا باقاعدہ مواصلتوں کے ذریعہ دکھایا گیا ہو (الّا یہ کہ دوسرے فریقوں کے ذریعہ اسے روک دیا گیا ہو)۔

- اپنے بچے کا قانونی باپ کیسے بنیں اس بارے میں مزید جاننے کے لیے، اپنے وکیل سے بات کریں، یا ACS کے دفتر وکالت سے رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ 25 دیکھیں۔

## باپ کے لیے اہم معلومات

### ولدیت ثابت ہونے کے بعد، اگر آپ اپنی رہائی ہونے پر اپنے بچے کی تولیت حاصل کرنا چاہتے ہیں:

- ❖ اپنی رہائی سے قبل اپنے منصوبوں اور ارادوں کے بارے میں اپنے کیس ورکر سے بات کریں۔
- ❖ اس کے لیے فیملی کورٹ میں ایک عرضی دائر کرنا ضروری ہے۔ ولدیت ثابت کرنے کے معاملے کی طرح ہی، ماں کو ایک بار پھر تولیت کی عرضی کی نقل پیش کی جائے گی۔ یہ کام بھی ولدیت کے ثبوت والے طریقے سے ہی ہوتا ہے۔
- ❖ عدالت ایجنسی کو آپ کے گھر کی تفتیش کرنے کا عدالت کی آرڈر کردہ تفتیش (Court Ordered Investigation, COI) اور اپنے نتائج اور سفارشات کے حوالے سے ایک رپورٹ جمع کروانے کا آرڈر دے گی۔
- ❖ اگر مناسب ہو تو آپ کے بچے کا وکیل، جس کو لاء گارجین (Inmate Records Office) کہا جاتا ہے، آپ کے بچے سے بات کرکے پتہ کرے گا کہ اس کی کیا خواہش ہے۔

## امداد اطفال

- ❖ ولدیت متعین ہو جانے پر، باپ امداد اطفال کا ذمہ دار ہو جاتا ہے، چاہے آپ اپنے بچے (بچوں) سے ملاقاتیں موصول کرنے یا ان کی تولیت حاصل کرنے پر قادر ہوں یا نہ ہوں۔
- ❖ امدادا اطفال کی خواہاں ماں پر اپنے بچے (بچوں) کی تولیت حاصل ہونا اور اس کے پاس فرزندانہ تعلق کا آرڈر ہونا ضروری ہے اور اسے حاصل کرنے کے لیے وہ عرضی دائر کر سکتی ہے۔
- ❖ بچے کی تولیت رکھنے والے رشتے دار اور دوست بھی امداد اطفال کے لیے عرضی دائر کر سکتے ہیں۔
- ❖ امداد اطفال کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم آفس آف چائلڈ سپورٹ انفورسمنٹ (Office of Child Support Enforcement) کو کال کریں: 7125-226 (212)۔



## اکثر مستعمل رضاعی نگہداشت کی اصطلاحات کی وضاحت

- ❖ **ACS:** انتظامیہ برائے خدمات اطفال (Administration for Children's Services, ACS) نیو یارک کی بہبودی اطفال کی ایجنسی ہے۔ ACS بچوں اور فیملیز کو براہ راست خدمات فراہم کرتی ہے اور یہ خدمات فراہم کرنے والی بہت ساری مختلف رضاعی نگہداشت کی اور روک تھام والی ایجنسیوں کے ساتھ بھی کام کرتی ہے۔ آپ کے بچوں کو ان میں سے ایک یا مزید ایجنسیوں کے پاس رکھوایا جا سکتا ہے۔ اگر آپ نیو یارک سٹی سے باہر بہبودی اطفال کی خدمات میں شامل ہیں تو آپ کے بچے کو (ACS نہیں بلکہ) کاؤنٹی کے محکمہ برائے سماجی خدمات (County Department of Social Services) کے پاس رکھوایا جائے گا جو آپ کے بچے کا ذمہ دار ہوگا۔

- ❖ **ASFA:** تبنیت اور محفوظ فیملیز سے متعلق ایکٹ (Adoption and Safe Families Act, ASFA) ایک وفاقی قانونی ہے جو 1997 میں پاس ہوا تھا۔ اس قانون کا کہنا ہے کہ بچوں کو مستقل گھر درکار ہوتے ہیں اور یہ انہیں سالہا سال تک رضاعی نگہداشت میں رہنے کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو رضاعی نگہداشت میں اپنے بچے کے داخل ہونے سے تقریباً ایک سال کے اندر اس کے لیے مستقل انتظام کرنا ہوتا ہے۔ اس انتظام کو آپ کے بچے کے دوام کا ہدف کہا جاتا ہے (تعریف ذیل میں دیکھیں) اور آپ کے بچے کو آپ کو، رشتہ دار کو واپس کرنے کے لیے یا بچے کو گود لیے جانے کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کا کیس شروع ہونے سے 15 مہینوں کے بعد بھی آپ کا بچہ رضاعی نگہداشت میں ہے؛ تو آپ کی ولدیت کے حقوق ختم ہو جانے کا زبردست خطرہ لاحق ہے۔ والدین کی حیثیت سے اپنے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے، آپ کو یہ ثابت کرنا ہوتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے لیے مستقل انتظام کے ضمن میں کام کر رہے ہیں اور اپنے بچے اور کیس ورکر کے ساتھ باقاعدہ رابطہ رکھ رہے ہیں۔ اسیر والدین کی حیثیت سے آپ کے لیے، اگر آپ اپنے بچے کے ساتھ دوبارہ متحد ہونے کا منصوبہ بناتے ہیں تو *آپ کے لیے یہ ثابت کرنا پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے کہ آپ اپنے بچے کے مستقبل کے لیے سرگرمی کے ساتھ منصوبہ بنا رہے ہیں۔*